رسول اللہ ﷺ اونٹ پر حج کے لیے تشریف لے گئے اور اسی پر آپ ﷺ کا سامان بھی لدا ہوا تھا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اونٹپرحج کے لیے تشریف لے گئے اور اسی پر آپ ﷺ کا سامان بھی لدا ہوا تھا
[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ نے اونٹ کی پیٹھ پر بغیر کجاوے کے حج کیا کجاوے سے مراد وہ شے ہے جو اونٹ پر رکھی جاتی ہے چوں کے آپ ﷺ کے پاس کوئی اور اونٹ نہیں تھا، جس پر آپ ﷺ اپنی خوراک اور سامان وغیرہ رکھتے، اس لیے آپ ﷺ جس اونٹ پر سوار تھے، اسی پر اپنے ساتھ سامان رکھ لیا تھا آپ ﷺ کا یہ عمل بذات خود آپ کے زہد اور دنیاوی ساز و سامان بے توجہی پو دلالت کرتا ہے یہ حدیث اس بات پر دلالت نہیں کرتی کے دوران حج آرادم دہ اور عمدہ سواریوں پر سوار ہونا حرام ہے، اگرچہ دوران حج رسول اللہ ﷺ کی پیروی میں کم سے کم آسائشوں اور نعمتوں کو اختیار کرنا ہی افضل ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/2751